Queensland Health

# کثیر ثقافتی صحت کی پالیسی اور ایکشن پلان MHPAP 2029-2024



Queensland میں کثیر الثقافتی پس منظر سے تعلق رکھنے والے تمام لوگ مساوی نتائج کے ساتھ محفوظ اور ثقافتی طور پر مناسب صحت عامہ کی خدمات تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔

## اصول

| صحت کی مساوات، محفوظ اور معیاری دیکھ بھال | شواہد پر مبنی اور کمیونٹی سے باخبر | کلی دیکھ بھال | نسل پرستی اور امتیازی سلوک سے نمٹنا | مشترکہ عہد بستگی، ذمہ داری اور احتساب |
|---|---|---|---|---|

MHPAP مشاورت

- 27 تنظیمیں
- ریاست بھر میں
- 725 لوگ
- میکانز م
  - 22 ہدف شدہ ورکشاپ س
  - 15 گذارشا ت
  - 43 ون آن ون میٹنگ ز
  - 161 سروے کے جوابا ت

**MHPAP** تمام کثیر الثقافتی لوگوں کے لیے صحت کی دیکھ بھال اور نتائج کو بہتر بنانے پر توجہ مرکوز کرے ان لوگوں سمیت جو:

- آسٹریلیا میں پیدا ہوئے اور جن کے والدین یا دادا دادی بیرون ملک پیدا ہوئے ہیں۔
- پناہ گزینوں یا سیاسی پناہ کے متلاشی افراد کے طور پر آسٹریلیا منتقل ہوئے ہیں۔
- عارضی ویزا پر نیوزی لینڈ کے شہری ہیں۔
- عارضی ویزا پر لوگ جن کے پاس میڈیکیئر تک محدود رسائی ہے، بشمول موسمی کارکنان، بین الاقوامی طلباء اور وہ لوگ جو دوسرے عارضی ویزا  پاتھ ویز پر ہیں۔
- آسٹریلوی ساؤتھ سی آئی لینڈرز۔





اس خلاصے کو اپنی زبان میں تلاش کرنے اور پالیسی اور ایکشن پلان کے بارے میں مزید جاننے کے لیے QR کوڈ اسکین کریں۔

MHPAP ایسی پہلی پالیسی ہے جو Queensland Health نے 10 سالوں میں تیار کی ہے جس کا مقصد کثیر الثقافتی آبادی کی صحت کو بہتر بنانا ہے۔

MHPAP کو کمیونٹی ممبران اور تنظیموں سمیت بہت سے اسٹیک ہولڈرز نے مل کر ڈیزائن کیا، تاکہ اس امر کو یقینی بنایا جا سکے کہ ہماری نظام صحت کی پالیسی میں کمیونٹی کی آواز نمایاں ہو۔

MHPAP، مکمل نظام صحت میں پروگرام اور اقدامات فراہم کرے گا تاکہ ہم کثیر الثقافتی برادریوں کی صحت کی ضروریات کے سلسلے میں بہتر اقدامات کر سکیں۔ MHPAPکے اغراض و مقاصد کے حصول میں، Queensland Health اپنی پیش رفت کی نگرانی کرے گی۔

**Queensland Health** ہر اس شخص کا شکریہ ادا کرتی ہے جنہوں نے کثیر الثقافتی کمیونٹیز کی صحت کو بہتر بنانے کے بارے میں اپنے منفرد تجربات اور تجاویز کا اشتراک کرکے اس پالیسی میں تعاون کیا ہے۔

Queensland Government





| ترجیحی شعبے | مقاصد | جو ہم نے سنا |
| --- | --- | --- |
| ترجیح 1<br>**روک تھام اور ابتدائی مداخلت** | • ہم کثیر الثقافتی پس منظر سے تعلق رکھنے والے لوگوں کے ساتھ بات چیت کریں گے تاکہ وہ اچھی صحت اور فلاح و بہبود کے نتائج تک رسائی حاصل کرنے میں درپیش چیلنجوں کو بہتر طور پر سمجھ سکیں۔<br>• ہم صحت کی ایسی خدمات کو ڈیزائن کرنے کے لیے کثیر الثقافتی برادریوں کے ساتھ کام کریں گے جو ان مسائل پر قابو پانے میں مددگار ثابت ہوں گی۔<br>• ہم کثیر الثقافتی پس منظر سے تعلق رکھنے والے لوگوں کی صحت کی نظم کاری، بیماری سے بچنے اور صحت کی خدمات تک رسائی حاصل کرنے میں ان کی مدد کریں گے۔ | **« کمیونٹی کی بیماری کو روکنے کی صلاحیت کو مضبوط بنانے کے لیے اس بات کو یقینی بنائیں کہ اگرچہ ان اقدامات کو قابل ہیلتھ پروفیشنل کی سپورٹ حاصل ہے، ان اقدامات کی قیادت ہماری کمیونٹی کر رہی ہے-- «** |
| ترجیح 2<br>**اعلی معیار کی زبان کی خدمات اور مواصلات کے وسائل** | • ہم اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ Queensland Health کے عملے کو معلوم ہو کہ ترجمانوں کو کیسے، کب اور کیوں شامل کرنا ہے۔<br>• ہم لسانی اعتبار سے متنوع پس منظر کے لوگوں کو ان کی ترجیحی زبان میں معلومات فراہم کریں گے۔<br>• ہم مریضوں کو فراہم کی جانے والی زبان کی خدمات کے معیار کی نگرانی اور بہتری کریں گے، بشمول لینگویج سروسز ورک فورس کی مدد کرنا۔ | **«زبان کی رکاوٹیں ہماری کمیونٹیز کے لیے صحت کی دیکھ بھال میں سب سے بڑی رکاوٹ ہیں۔ نظام صحت کے اندر دستیاب ترجمانی کی خدمات کے استعمال کو اچھی طرح سے سمجھا اور استعمال نہیں کیا جاتا ہے۔»** |
| ترجیح 3<br>**پائیدار، قابل رسائی، صدمے کے اثرات سے باخبر اور ثقافتی طور پر مناسب صحت کی خدمات** | • ہم Queensland Health Services میں ایک ایسا کلچر قائم کریں گے جہاں مریضوں کا احترام کیا جائے اور جو نسل پرستی اور امتیازی سلوک سے پاک ہو۔<br>• ہم بورڈز اور کمیٹیوں میں شرکت کرنے والے کثیر الثقافتی پس منظر سے تعلق رکھنے والے لوگوں کی تعداد میں اضافہ کریں گے۔<br>• ہم صحت کی خدمات تک رسائی کے دوران کثیر الثقافتی برادریوں کو ان کے حقوق کو سمجھنے اور استعمال کرنے میں مدد کریں گے۔<br>• ہم نظام صحت کی خدمات کو سمجھنے اور ان کا استعمال کرتے ہوئے مریضوں کے اندر تحفظ کا احساس پیدا کرنے کے لیے ثقافتی طور پر معقول پروگرام تیار کریں گے۔ | **«ہماری کمیونٹیز کی ضروریات کو بہتر طریقے سے پورا کرنے کے لیے اپنے معمول کے عمل میں لچک لانا ضروری ہے، جیسے کہ کثیر الثقافتی نرس نیویگیٹرز جو ایک پیچیدہ نظام کو نیویگیٹ کرنے میں مددگار ثابت ہوئے ہیں۔»** |
| ترجیح 4<br>**سود مند شراکت داری، تعاون اور روابط** | • ہم کثیر الثقافتی برادریوں کے ساتھ مضبوط اور باعزت تعلقات استوار کریں گے۔<br>• ہم نظام صحت کے دوسرے حصوں کے ساتھ مل کر کام کریں گے تاکہ کثیر الثقافتی برادریوں کے لیے صحت کی دیکھ بھال تک رسائی کو آسان بنایا جا سکے۔<br>• ہم اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کمیونٹی تنظیموں کے ساتھ مل کر کام کریں گے کہ بہترین صحت اور بہبود کے حصول کے لیے کثیر الثقافتی برادریوں کی مدد کی جائے۔ | **«ہم نے COVID-19 سے بہت سے اسباق سیکھے ہیں جنہوں نے صحت کے تمام شعبوں میں باہمی تعاون کے ساتھ کام کرنے کی اہمیت کو ظاہر کیا ہے، بشمول کمیونٹی اور دیگر شعبوں کے ساتھ شراکت داری تاکہ صحت کو متاثر کرنے والے سماجی عوامل کو بہتر طریقے سے حل کیا جا سکے۔»** |
| ترجیح 5<br>**متنوع، جامع اور ثقافتی طور پر قابل ہیلتھ ورک فورس** | • ہم ہیلتھ ورک فورس کو متنوع بنانے کے لیے بھرتی کے معقول طریقے نافذ کریں گے۔<br>• ہم Queensland Health کے صحت کے عملے کو ثقافتی طور پر محفوظ اور ذمہ دار نگہداشت فراہم کرنے کے لیے مناسب تربیت فراہم کریں گے۔<br>• ہم اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ کثیر الثقافتی پس منظر سے تعلق رکھنے والا Queensland Health عملہ کام کی جگہ پر قابل قدر، قابل احترام اور بااختیار محسوس کرے۔ | **«اس بات کو یقینی بنانے کی ضرورت ہے کہ ہمارے سسٹم میں ثقافتی اور پیشہ ورانہ تنوع کی عکاسی ہو۔ بصورت دیگر، ممکن ہے کہ ہماری کچھ کمیونٹیز ہیلتھ ورک فورس میں نمایاں نہ ہو سکیں۔ ہمیں یہ دیکھنا ہے، کہ متنوع ورک فورس بھی برابر کی تعداد میں موجود ہو، اور اس ورک فورس کو ہماری کمیونٹی کے لوگوں کے ساتھ کام کو سمجھنے کے حوالے سے معقول تربیت حاصل ہو۔»** |
| ترجیح 6<br>**کثیر الثقافتی ڈیٹا اور تحقیق** | • ہم صحت کی خدمات کو بہتر بنانے کے لیے کثیر الثقافتی کمیونٹیز کے بارے میں معلومات جمع کرنے اور ان کا تجزیہ کرنے کے طریقے کو بہتر بنائیں گے۔<br>• ہم ان صحت کے مسائل کے بارے میں مزید تحقیق کریں گے جو کثیر الثقافتی برادریوں کو متاثر کرتے ہیں۔<br>• ہم کثیر الثقافتی برادریوں کی صحت کی ضروریات اور نتائج کو بہتر طور پر سمجھنے کے لیے انہیں بھی تحقیق میں شامل کریں گے۔ | **«اپنی کمیونٹیز کے لیے ثقافتی طور پر مناسب اور مؤثر خدمات کو بہتر بنانے کے لیے ضروری ہے کہ ہم تحقیق پر مبنی نتائج پیدا کرنے اور جائزوں اور تحقیقات میں اپنی کمیونٹیز کے ساتھ کام کرنے میں سرمایہ کاری کریں۔»** |





SC2400222 /(اردو) URDU